انہیں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی طرح وضو کر کے دکھایا

یحی بن عمارہ مازنی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : میں نے عمرو بن ابو حسن کو دیکھا کہ انھوں نے عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے پانی کا ایک برتن منگوایا اور انہیں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی طرح وضو کر کے دکھایا انھوں نے برتن سے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اور تین بار اپنے ہاتھ دھوئے پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا اور تین چلوؤں سے کلی کی، ناک میں پانی چڑھایا اور اسے صاف کیا پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا اور تین مرتبہ اپنا چہرہ دھویا پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دو بار دھویا پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا اور اپنے سر کا مسح کیا ہاتھ کو ایک مرتبہ آگے سے پیچھے لے گئے اور پیچھے سے آگے لے آئے پھر دونوں پیروں کو ٹخنوں تک دھویا

[صحیح] [متفق علیہ]

یہاں عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے عملی طور پر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے وضو کا طریقہ بیان فرمایا ہے انھوں نے پانی کا ایک چھوٹا سا برتن منگوایا سب سے پہلے اپنی دونوں ہتھیلیوں کو دھویا وہ اس طرح کے برتن کو جھکا کر دونوں ہتھیلیوں پر پانی ڈالا اور ان کو تین بار برتن سے باہر دھویا پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈال کر تین چلو پانی لیا اور ہر چلو سے کلی کی، ناک میں پانی چڑھایا اور ناک جھاڑی پھر برتن سے تین چلو پانی لے کر تین بار اپنے چہرہ کو دھویا پھر اس سے دو دو چلو پانی لے کر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت تین تین بار دھویا پھر برتن میں ہاتھ ڈالا اور دونوں ہاتھوں سے اپنے سر کا مسح کیا مسح کا آغاز سر کے اگلے حصے سے کیا اور گردن کے اوپری حصے میں واقع گدی تک پہنچے پھر دونوں ہاتھوں کو واپس وہیں لائے، جہاں سے آغاز کیا تھا پھر دونوں پیروں کو ٹخنوں سمیت دھویا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3444